سوال

(183) علامہ وحید الزماں کا مسلک

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

''الاعتصام'' شمارہ نمبر 27 میں آپ نے علامہ وحید الزمان کا حوالہ دیا اس کے بارے میں وضاحت فرمائیں کہ یہ کون ہیں؟ حنفی ہیں یا اہل حدیث؟ یا شیعہ؟ بندہ کی رائے یہ ہے کہ اہل حدیث ہیں۔ کیونکہ ہم اہل حدیث حضرات کو جو صحاح ستہ کا ترجمہ دیا جاتا ہے۔ وہ ان کا ہے اور آپ نے بھی حوالہ دیا ہے۔ نزی نزل الابرار کس فن کی کتاب ہے؟ اور کس کی ہے؟ کیا اس کا ترجمہ اردو میں مل سکتا ہے؟ یہ عوام کے مطالعہ کےلیے مفید رہے گی یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علامہ وحید الزمان زندگی کے ابتدائی دور میں حنفی المسلک تھے بعض مسائل میں شیعہ کی طرف بھی رجحان رکھتے ہیں۔

''تیسر الباری شرح البخاری'' میں جا بجا اپنے آپ کو حنبلی ظاہر کرتے ہیں۔ میں نے بعض احباب کی معاونت سے اس کی تصیح و تنقیح اور اضافہ کا عمل شروع کررکھا ہے۔ درمیانی انقطاع کے باوجود کام کتاب الحج والمعرہ کے اختتامی مراحل میں ہے۔ اللہ رب العزت تکمیل کی توفیق بخشے۔ آمین!

اور کتاب ''نزل الابرار فی فقہ النبی المختار'' علامہ موصوف کہ فقہ کے موضوع پر معروف کتاب ہے غالب مسائل احادیث سے مستنبط ہیں۔ اصل کتاب کئی اجزاء میں عربی زبان میں ہے۔ اس کے اردو ترجمہ کا مجھے علم نہیں فی الجملہ کتاب نہایت مفی ہے۔

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص492